انٹر (پارٹ-I) لاہور بورڈ 2013ء

اُردو اعلیٰ

پرچہ: I

وقت: 30 منٹ

کل نمبر: 20

حصہ معروضی

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1. 1- ''آنندی'' کے مصنف کا نام کیا ہے:

(A) وقار عظیم (B) مستنصر حسین تارڑ

(C) غلام عباس (D) امجد اسلام امجد

2- ''چچا چھکن'' کس کا مشہور کردار ہے:

(A) غلام عباس (B) امتیاز علی تاج

(C) امجد اسلام امجد (D) عطاء الحق قاسمی

3- ''انارکلی'' کس کی محبوبہ تھی:

(A) شاہ جہان (B) شیخو

(C) بابر (D) ہمایوں

4- مرزا ادیب کون ہے:

(A) ڈرامہ نگار (B) افسانہ نگار

(C) ناول نگار (D) شاعر

5- ''رسالہ اسباب بغاوتِ ہند'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) نذیر احمد (B) سر سید احمد خان

(C) شبلی (D) حالی

6- پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا:

(A) اسلم (B) سید احمد شاہ

(C) اکرم (D) ممتاز حسن

7- پطرس بخاری کا انتقال کس شہر میں ہوا:

(A) سڈنی (B) نیویارک

(C) لندن (D) آک لینڈ

8- ''اُم الخبائث'' کس کو کہا گیا ہے:

(A) جوا (B) شراب

(C) رشوت (D) سود

9- پرکاش کی بیوی کا نام کیا تھا:

(A) انیتا (B) فرحت جبیں

(C) حنا (D) چمپا

10- ''امراؤ جان ادا'' کس کا لکھا ہوا ہے:

(A) غلام عباس (B) عطاء الحق قاسمی

(C) منظر بخاری (D) مرزا ہادی رسوا

www.Sayz2Learn.com

11- حرف تشبیہ ہے:

(A) کا (B) کیوں

(C) مانند (D) ہونا

12- مستعارلہ سے کیا مراد ہے:

(A) جس کے لیے تشبیہ دی جائے (B) رکن تشبیہ

(C) کنایہ (D) جس کے لیے استعارہ لیا جائے

13- مجبول کر کُل مراد لے لینا کہلاتا ہے:

(A) استعارہ (B) مجازمرسل

(C) تلمیح (D) کنایہ

14- پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو۔اس مصرع میں ہے:

(A) ایہام (B) تشبیہ

(C) استعارہ (D) کنایہ

15- جہاں میں اہل ایمان صورت خورشید جیتے ہیں۔اس مصرع میں ہے:

(A) ایہام (B) تشبیہ

(C) استعارہ (D) مجازمرسل

16- تلمیح کہتے ہیں:

(A) اشارہ کرنا (B) افسانہ کو

(C) تاریخی واقعہ کو اشارۃً بیان کرنا (D) حرکت کرنا

17- صنعت ایہام کا کیا مطلب ہے

(A) بیان دینا (B) سرقہ کرنا

(C) حماقت (D) وہم اور مغالطے میں ڈالنا

18- صنعت تضاد سے کیا مراد ہے:

(A) مترادف الفاظ کا استعمال (B) متروک الفاظ کا استعمال

(C) متضاد الفاظ کا استعمال (D) ایک جیسے الفاظ کا استعمال

19- شب جو مسجد میں جا پھنسے مومن رات کاٹی خدا خدا کر کے' کون سی صنعت ہے:

(A) لف ونشر (B) تلمیح

(C) صنعت ایہام (D) صنعت تضاد

20- ابن مریم ہوا کرے کوئی مرے دکھ کی دوا کرے کوئی کونسی صنعت ہے:

(A) تضاد (B) حسن تعلیل

(C) لف ونشر (D) صنعت تلمیح

www.Say2Learn.com

انٹر (پارٹ-I) لاہور بورڈ 2013ء

اُردو اعلیٰ

پرچہ: I

وقت: 2.30 گھنٹے

کل نمبر: 80

حصہ انشائی

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: (1,2,12)

خدا اگر دل فطرت شناس دے تجھ کو — سکوتِ لالہ و گل سے کلام پیدا کر
اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احساں — سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر
میں شاخِ تاک ہوں، میری غزل ہے میرا ثمر — مرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر
مرا طریق امیری نہیں، فقیری ہے — خودی نہ بیچ، غریبی میں نام پیدا کر

3-(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: (1,1,4,4)

یاد جب مجھ کو مدینے کی فضا آتی ہے
سانس لیتا ہوں تو جنت کی ہوا آتی ہے

غمِ احمدؐ میں مرے دل سے نکلتا ہے دھواں
یا امنڈتی ہوئی قبلہ سے گھٹا آتی ہے

(ب) موسیٰؑ نے یہ کی عرض کہ اے بارِ خدا
مقبول ترا کون ہے بندوں میں سوا
ارشاد ہوا بندہ ہمارا وہ ہے
جو لے سکے اور نہ لے بدی کا بدلا

(حصہ دوم)

4- درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کیجیے: (1,1,2,6)

میں گم کردۂ آشیاں سلطنت کے شایاں نہیں ہوں۔ میں نے اسی علت سے اپنے مرزِ بوم و شوم کو چھوڑا ہے، حکومت سے منہ موڑا ہے مگر وہ لوگ اُس کے سر پر باز کا بیٹھنا، عنقا سمجھ، نہ باز رہے۔ جو جو شاہیں تھے تاڑ گئے، پر بیں پہچان گئے کہ یہ مقررِ ہمائے اوجِ سلطنت ہے۔ قصہ مختصر، رگڑ جھگڑ تختِ طاؤس پر بیٹھا نذریں دیں، توپ خانے میں شلک ہوئی۔

5-(الف) درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے: (4,6)

(i) مولانا ظفر علی خان (ii) مجید امجد

(ب) غلام عباس پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ (3,2)

6- درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے: (5,5)

(الف) شریف حسین (ب) عالیہ
(ج) ٹھاکر (د) پرکاش

7- تحریک علی گڑھ کی خدمات کا احاطہ کیجیے۔ (10)

یا

ترقی پسند تحریک کے خدوخال پر نوٹ تحریر کیجیے۔

8- ''قصیدہ'' اور ''ڈراما'' پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (5,5)

www.Say2Learn.com